**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## مینڈیٹ چور رجیم کی جانب سے قومی ایٹمی پروگرام کو سیاست کی نذر کرنے کی مجرمانہ کوششوں کا معاملہ

**پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے چیری بلاسم اور حواریوں کی بیہودہ بیان بازی کی شدید مذمت**

**عوام کی جانب سے مسترد شدہ ایک بزدل بھگوڑے کی تصویر لگا کر عوام کے پیسے سے قومی ایٹمی پروگرام کو اپنی گھٹیا سیاسی اشتہاری مہم کیلئے استعمال کرنے پر بھی کڑی تنقید**

پاکستان کا جوھری پروگرام پاکستان کے عوام کا اثاثہ ہے جس کا آغاز قوم نے اپنا پیٹ کاٹ کر کیا اور اپنے پیٹ پر پتھر باندھ کر اسے مکمل کروایا، ارضِ پاک سے والہانہ محبت کرنے والے قابل، محنتی اور ذہین سائنسدانوں نے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی قیادت میں کڑی محنت سے اسے پایۂ تکمیل تک پہنچایا، بات بات پر پیر پکڑنے والے بزدل، بھگوڑے کی بجائے آج کے روز قوم کے حقیقی محسنوں کو خراجِ تحسین پیش کیا جائے، تعالمی دباؤ پر ڈاکٹر عبدالقدیر خان مرحوم کو قربانی کا بکرا بنانے والے چھوٹے لوگ محسنِ پاکستان سے معافی طلب کریں، ڈیلوں اور ذلّت آمیز معاہدوں کے سائے میں سیاست کرنے والے بے حمیّت مسخرے کے ایٹمی پروگرام پر حقیقی کردار کی داستانیں خود اس کے رفقاء قوم کو سنا چکے ہیں، ہندوستان نے ایٹمی دھماکے کئے تو جاتی امراء کے اس بزدل بھگوڑے کی کانپیں ٹانگ رہیں تھیں اور پلیٹ لیٹس منہ کے بل گر رہے تھے، ہندوستان کی جانب سے ایٹمی دھماکے کئے جانے کے بعد دو ہفتے تک وزارتِ عظمٰی پر بیٹھا یہ بزدل، ڈرپوک، کم ہمّت اور بودا شخص ایوانِ وزیراعظم کی میز کے نیچے چھپ کر بیٹھا رہا، پوری قوم نے مل کر اس بے حمیّت شخص کو غیرت دلوائی اور ہندوستان کے جارحیت سے بھرپور اقدام کے دوٹوک جواب کا مطالبہ کیا، اس کے اپنے وزیرخارجہ گوہر ایوب مرحوم نے اس کی بزدلی کی داستان اپنی سوانح حیات میں قلمبند کی جبکہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے اپنے انٹرویوز میں کی اس کی بزدلی کی کھلی شہادت تاریخ کے سامنے پیش کی، مالِ حرام کا پجاری یہ حریص اپنے بدخصلت حواریوں کے ساتھ مل کر دو ہفتے تک غیرملکی آقاؤں سے ڈالرز بٹورنے کے چکّر میں رہا، قوم کی جانب سے ایٹمی دھماکے کر کے ہندوستانی جارحیت کا جواب نہ دینے کی صورت میں اس بزدل کا دھاکہ کر دینے کی واضح وارننگ ملنے پر ہی یہ بدخصلت شخص دھماکوں پر مجبور ہوا، قدم قدم پر قومی مفاد کی سودے بازی کرنے والے اس بے ضمیر شخص کے ساتھ آج کے دستور شکنوں کی تازہ ترین ڈیل شرمناک اور قومی سالمیت و سلامتی کیلئے ایک بڑا امتحان بنتی جا رہی ہے، ترجمان تحریک انصاف

دم توڑتی معیشت ملکی سالمیت اور سلامتی پر خطرات کے تشویشناک سایوں میں مسلسل اضافے کی سبب بن رہی ہے،

قوم کے متفقّہ جوھری پروگرام کی ایک مجرم کی غلیظ سیاست کی بھینٹ چڑھانے کی بجائے آئین، جمہوریت، عوامی مینڈیٹ اور معیشت کے گلے میں سے شخصی آمریت کا طوق ہٹایا جائے، عمران خان اور پاکستان تحریک انصاف قومی مفادات کے امین ہیں، آخری دم تک جرم اور آمریت کے مکروہ بندھن سے پھوٹنے والی شرانگیزیوں کا مقابلہ کریں گے، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ